© rasailojaraid.com

# نقد و نظر

**مسلم ریویو** | ایڈیٹر سید عابد حسین صاحب نقوی۔ بی اے بی ایل۔ قیمت سالانہ ۵ (طلبہ سے ۳ روپئے) ملنے کا پتہ۔ ۱۶ کیننگ اسٹریٹ لکھنؤ۔

زمانہ حال میں نہ صرف غیر مسلموں بلکہ جدید تعلیم یافتہ مسلمانوں کو بھی اسلام کی تعلیمات اور اس کی تہذیب و تاریخ کے صحیح خد و خال سے روشناس کرانے کے لئے ضروری ہے کہ انگریزی زبان میں اعلیٰ درجہ کے رسالے شائع کئے جائیں، اور ان میں ایسے لوگ مضامین لکھیں جو علوم جدیدہ کے ساتھ اسلامی علوم پر صحیح نظر رکھتے ہوں اور اس کے ساتھ فریقانہ تنگ نظری سے آزاد بھی ہوں۔ مدرسۃ الواعظین لکھنؤ کی جانب سے "مسلم ریویو" اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے جاری ہوا ہے۔ اور اس کے گذشتہ چند پرچوں کو دیکھ کر ہم مطمئن ہیں کہ اس نے اپنے فرض کے احساس اور اس کی بجاآوری میں کوتاہی نہیں کی ہے۔ اگرچہ ابھی مضامین کا معیار اور زیادہ بلند کیا جا سکتا ہے۔ اور تحقیق و تبیین کے اعلیٰ مدارج تک ترقی کرنے کی ابھی بہت کچھ ضرورت ہے۔ لیکن اس کمی کی ذمہ داری ایڈیٹر اور منتظمین پر نہیں بلکہ ملک کے ان اعلیٰ تعلیم یافتہ مسلمانوں پر ہے جو ان کا ہاتھ بٹانے کی طرف توجہ نہیں کرتے۔ امید ہے کہ انگریزی تعلیم یافتہ مسلمان اس مفید رسالے کو ترقی دینے کی کوشش کریں گے۔

**اسرار تصوف** | ایڈیٹر ملک حسن الدین صاحب۔ قیمت سالانہ ۲ روپئے۔ مقام اشاعت نقشبندیہ منزل۔ کشمیری بازار۔ لاہور۔

ملک صاحب اردو میں تصوف پر بہت سی کتابیں شائع کر چکے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے انہوں نے اس نام سے ایک ماہانہ رسالہ بھی شائع کرنا شروع کیا تھا۔ پھر بند ہو گیا۔ اب گذشتہ ماہ اکتوبر سے دوبارہ جاری ہوا ہے۔ اس میں تصوف کی بعض مستند کتابوں کے مسلسل ترجمے درج کئے جاتے ہیں۔ ہر پرچہ میں

© rasailojaraid.com